PAKISTAN CABLES

TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

**نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے** کہ پاکستان کیبلز لمیٹڈ (''**کمپنی**'') کا غیر معمولی اجلاس عام (''EOGM'') مؤرخہ 4 مئی، 2026ء بروز پیر بوقت 10:00 بجے صبح، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، ڈاکٹر شمشاد اختر آڈیٹوریم، PSX انتظامیہ کی بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، اور ساتھ ہی میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**1. عمومی امور**

i. 25 ستمبر 2025ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی روئیداد کی توثیق کرنا۔

ii. جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 اور (1)161 کے تحت مؤرخہ 30 مارچ، 2026ء کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد میں مقرر کیا ہے کہ 3 برس کی مدت کے لئے طے شدہ آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جس کی مدت 5 مئی 2026 سے شروع ہوگی۔

مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز ریٹائرز ہو چکے ہیں اور دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | جناب مصطفٰے اے چنائے | 5. | جناب ارشد محسن طیب علی |
| 2. | جناب اکبر علی پسنانی | 6. | جناب شعیب جاوید حسین |
| 3. | جناب علی ایچ شیرازی | 7. | محترمہ سائرہ مریم اعوان ملک |
| 4. | جناب مظہر ولجی | 8. | جناب کمال اے چنائے |

**2. دیگر امور**

چیئر کی اجازت سے غیر معمولی اجلاس عام میں قانونی طور پر زیر بحث لائے جان والے دیگر عمومی امور کو زیر غور لانا۔

غیر معمولی اجلاس عام میں ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان اس EOGM نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

کراچی: 13 اپریل، 2026ء

بحکم بورڈ

**ثنا شاہ محمد**

قانونی امور کی سربراہ اور کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

### 1۔ کتاب کی بندش:

کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 28 اپریل 2026ء سے 04 مئی 2026ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ اس مدت میں کسی بھی قسم کے ٹرانسفرز کو اندراج کے لئے قبول نہیں کیا جائے گا۔ 27 اپریل، 2026ء کو کاروباری اوقات کار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99۔B، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 کو موصول ہونے والے باقاعدہ ٹرانسفرز منتقل الیہ کو EOGM میں حاضری کے مقصد کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

### 2۔ الیکشن آف ڈائریکٹرز:

1. جو کوئی بھی ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے اپنے حصہ لینے کا خواہشمند ہو، وہ کمپنی کے رجسٹر آفس واقع عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی پر یا ای میل investor.relation@pakistancables.com کے ذریعے، غیر معمولی جنرل میٹنگ (''EOGM'') کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل، کمپنی کو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)159 کے مطابق اپنے آپ کو ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادے کی تحریری اطلاع جمع کرائے، اور مذکورہ بالا سیکشن کے تحت درکار نوٹس کے ساتھ درج ذیل دستاویزات بھی فراہم کرے۔

a) کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 کے تحت ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دینے کی رضامندی (فارم 9 کے ضمیمہ کے مطابق)۔

b) مؤرخہ 3 اکتوبر 2019ء کے مراسلہ نمبر SRO1196(1)2019 کے تحت تفصیلی پروفائل بمعہ دفتری پتہ۔

c) قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی مصدقہ نقل۔

(ii) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمعہ نمونہ کے دستخط اور نامزد فرد کے موثر ("CNIC") کی مصدقہ نقل (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگی۔

**B. پراکسیز کے تقرر کے لئے:**

(i) فرد واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور اندراج کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں، کو اپنا پراکسی فارم مذکورہ بالا معیار کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

(ii) دو افراد پراکسی فارم کی توثیق کریں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

(iv) پراکسی EOGM کے موقع پر اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔

(v) کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ بمعہ کاروباری ادارہ کی جانب سے پیش اور ووٹ کرنے کے لئے نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اور مئوثر CNIC کی مصدقہ نقل کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے گی۔

### 6۔ پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot) اور ای ووٹنگ (E-Voting):

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء میں ترمیم شدہ نوٹیفیکیشن کے مطابق اراکین ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی تعداد مقررہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہونے کی صورت میں قواعد وضوابط میں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق ووٹنگ کی جائے گی۔

### 7. جانچ پڑتال (Scrutinizer) کرنے والا:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (ریگولیشنز) کے قاعدہ نمبر 11 کے مطابق کے بورڈ آف ڈائریکٹر کی جانب سے میسرز UHY حسن نعیم اینڈ کمپنی کو، غیر معمولی اجلاس عام میں ڈائریکٹرز کے انتخابات کے لیئے کمپنی کا جانچ پڑتال کرنے والا مقرر کیا گیا ہے۔ وہ ریگولیشن 11A کے تحت بیان دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دے گا۔

### 8۔ تحفے نہ دینے کی اطلاع:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے مورخہ 09 فروری، 2018ء کو اپنے سرکلر نمبر 2 آف 2018ء اور مورخہ 17 مارچ، 2025ء کے ایس۔آر۔او۔ 452(I)/2025ء کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ عام اجلاسوں کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں اراکین کو کسی قسم کے تحائف، ترغیبات یا اسی نوعیت کے فوائد (بشمول مگر محدود نہیں ٹوکن، کوپن، کھانے یا ٹیک اوے پیکجز) پیش یا تقسیم نہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 185 کے تحت ان ہدایات پر عمل نہ کرنا قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنیوں کے خلاف قانونی کاروائی اور جرمانے عائد کیے جاسکتے ہیں۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166(3) کے تحت بیان

اس بیان میں EOGM کے دوران ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق مادی حقائق کا احاطہ کیا گیا ہے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط 2019ء کے تحت لسٹڈ کمپنی کی حیثیت سے، کمپنی کے بورڈ میں خودمختار ڈائریکٹرز ہونے چاہئیں۔ کمپنی یقینی بنائے گی کہ خودمختار ڈائریکٹرز کے انتخاب میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 اور 166(2) کمپنیز (خودمختار ڈائریکٹرز کی وضع اور انتخاب) ضوابط 2018ء کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ اور یہ کہ یہ خودمختار ڈائریکٹرز آزاد ڈائریکٹرز کی فہرست میں شامل ہیں جس کا انتظام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کرتی ہے۔

آزاد ڈائریکٹرز کو حتمی شکل دیتے وقت امیدواروں کی بنیادی اہلیت، تنوع، مہارت، علم اور تجربہ کو بھی مدنظر رکھا جائے گا۔

مذکورہ بالا میں ڈائریکٹرز بالواسطہ یا براہ راست دلچسپی نہیں لیتے جب تک کہ وہ کمپنی کے شیئر ہولڈر نہ ہوں اور یہ کہ وہ ڈائریکٹر کے انتخاب کے اہل ہوں۔

PAKISTAN CABLES
TRUSTED NOT TO COMPROMISE

A member of ASC AMIR S. CHINOY GROUP

d) حسب ذیل اقرار نامہ:

I. وہ لاگو قوانین، لسٹنگ ریگولیشنز برائے پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے مکمل آگاہ ہے۔

II. وہ نابالغ نہیں ہے اور نہ ہی کسی ذہنی عدم توازن کا شکار ہے اور نہ ہی اُسے نادہندہ قرار دیا گیا ہے/گئی ہے۔

III. وہ نیشنل ٹیکس دہندگان کی فہرست میں درج ہے۔

IV. اسے مالیاتی ادارہ/ اداروں کے قرض کی ادائیگی کی مد میں عدالت کی جانب سے نادہندہ قرار نہیں دیا گیا ہے/گئی ہے۔

V. وہ اس کمپنی کے ساتھ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز میں ڈائریکٹر کی خدمات سرانجام نہ دے رہا/ رہی ہو۔

VI. وہ یا اس کا/کی شریک حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار میں شامل نہیں ہے۔

VII. وہ کمپنی کی جانب سے ہمہ وقت مطلع کئے گئے ''بند دورانیہ'' کی پابندیوں سے آگاہ اور تعمیل کرتا/کرتی ہے۔

e) غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا، اور انہیں ایکٹ کے سیکشن 166 اور کمپنیز (غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ اور معیار) ریگولیشنز 2018 میں درج معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ لہذا، غیر جانبدار ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کرانا ہوں گی:

(i) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ز) کا اعلامیہ؛

(ii) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ امیدوار کمپنیز (غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ اور معیار) ریگولیشنز 2018ء کے ریگولیشنز 4 کی ذیلی شق (1) کے تقاضوں پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

## 3۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت:

وہ حصص یافتگان جو غیر معمولی جنرل میٹنگ (''EOGM'') میں بذیعہ ویڈیو لنک شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لیے اپنی تفصیلات مقررہ ای میل ایڈریس investor.relations@pakistancables.com یا واٹس ایپ نمبر 923008503969+ ، 3 مئی، 2026ء کو شام 5:00 تک درج ذیل معلومات اور اپنا شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ہمراہ ارسال کریں:

| ای میل ایڈریس | موبائل نمبر | حصص کی تعداد | شناختی کارڈ نمبر | حصص یافتگان کا نام | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کی تفصیلات ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیجی جائیں گی۔ لاگ ان کی سہولت غیر معمولی جنرل میٹنگ (''EOGM'') کے دن صبح 9:45 بجے کھولی جائے گی جس سے شرکاء اجلاس میں شامل ہونے سے پہلے شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد کارروائی میں شامل ہوسکیں گے، جو صبح 10:00 بجے شروع ہوگا۔

## 4۔ پراکسیز:

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہئے۔ غیر معمولی اجلاس عام (''EOGM'') کے لئے پراکسی کی لاگو دستاویز اس نوٹس کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pakistancables.com سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے

پراکسی کے تقرر کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے ماتحت اسے سائن کیا گیا ہو یا اس کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عارف حبیب سینٹر، پہلی منزل، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، investor.relations@pakistancables.com پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

## 5۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو 26 جنوری، 2000ء کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

### A. اجلاس میں شرکت کے لئے:

(i) فرد واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور اندراج کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں کو EOGM میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لئے اپنا اصلی قومی شناختی کارڈ ("CNIC") یا اصلی پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔